لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ر ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۴ر اگست سنہ ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

مثل نقل عرضداشت بخشی فوج دربارہ استمداد بابت عطائے رشن الاؤنس بعیند جات فرست بٹالین وغیرہ میعادی تا اختتام جنگ۔

حکم ہوا کہ

ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء تک رشن الاؤنس ملازمان ترنچانہ وتھرڈ رسکواڈرن - اور ان ملازمان امپیریل سروس نمبر کو جو ڈپو میں ہیں اوسی حساب سے کہ جس حساب سے مل رہا ہو دیا جانا ... امپیریل سروس نمبر ...

جو سوار یا بر خدمت پر گئے ہیں انکو راشن الاؤنس نہیں ملیگا احکام جاری ہوں۔ فقط

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض جناب عالی میرسانید

بموجب احکامات مفصلہ ذیل صیغہ ہائے تحت کو تا اختتام جنگ راشن الاؤنس عطا فرمایا گیا ہے

چونکہ ۱۹ جولائی ۱۹۱۹ء کے عام جلسہ دربار میں یہ اسپیچ سنایا گیا ہے کہ صلح خاتمانہ ہو گئی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ

جنگ کا خاتمہ ہو گیا لیکن راشن الاؤنس کے دیگر صیغہ کے متعلق ہنوز کوئی حکم جاری نہیں فرمایا گیا

جسکی وجہ سے ضرورت اسکے پیش ہونے کی ہے سنا گیا ہے کہ صیغہ انفنٹری کے واسطے برائے ۶ ماہ واسطے دیگر راشن

الاؤنس کے منظوری دیگر حاصل کر لی گئی ہے اور دفتر فوجی سے انکے احکامات جاری ہو رہے ہیں و بعض

صیغہ بقیہ ایسے ہیں کہ انکی نسبت کوئی حکم صادر نہیں فرمایا گیا چونکہ برآورد وات کے اجرا کا وقت ہے

اس راشن الاؤنس دیگر کے ایک ہی طریقہ پر احکام جاری فرمائے گئے ہیں لہذا امیدوار ہوں کہ جملہ

صیغہ ہائے مفصلہ ذیل کے راشن الاؤنس دیگر کے واسطے ایک میعاد معینہ یا تا صدور حکم ثانی کے بغرض

سہولیت کارسرکار احکام صادر فرمائے جائیں کہ آئندہ وقت اجرائے بل ملازمان کو دقت پیش نہ آئے

واجب عرض ہے۔ آئندہ رائے جہان آرائے۔

(تفصیل احکامات سابقہ)

۱۔ بموجب روبکار محکمہ دارالانشاء رقمزدہ ۲۶ ستمبر ۱۹۱۸ء ملازمان فرسٹ بٹالین موجودہ ڈپو کو

تین روپیہ ماہوار راشن الاؤنس از یکم ستمبر سنہ الیہ مقرر ہوا۔

۲۔ بموجب نقل حکم محکمہ دارالانشاء رقمزدہ ۲ اپریل ۱۹۱۹ء از یکم ماہ مذکور ملازمان امپیریل سروس

لانسرز موجودہ ڈپو کو تین روپیہ ماہوار راشن الاؤنس مقرر ہوا۔

۳۔ بموجب نقل حکم بندگان عالیہ دام اقبالہم وملکہم ملازمان ذیل کو راشن الاؤنس ۱۹۱۹ء کا از یکم مئی سنہ الیہ عطا فرمایا۔

۱۔ جملہ ملازمان توپخانہ و تھرڈ اسکواڈرن و زنبورچیان و گورکھا پلٹن و سکنڈ بٹالین

و تھرڈ بٹالین و ہشت بینڈ باجہ باستثنائے کمیشنڈ آفیسران دو دو روپیہ ماہوار

۲۔ سواران و دفعداران مونٹیڈ پولیس و کانسٹبلان سیول و زنانہ عارضی پولیس

بحساب یکماہ ایک روپیہ ماہوار۔

۳۔ سپاہیان و نان کمیشنڈ جیل کمپنی کو بحساب ایک روپیہ ماہوار۔

نیاز و حد ادب۔

فدوی زنجیرہ ڈوری لال بخشی

مورخہ ۲۲ جولائی ۱۹۱۹ء

ملخص حکم اجلاس بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳۰ جولائی ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ دیوالصدر رخصت مزید پندرہ یوم منشی محمد علیخان نائب دیو الصدر

بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس جناب صاحب یونیو سکریٹری بہادر

تبادلجات

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس منشی نسیم اللہ سب انسپکٹر سوار سے تھانہ شاہ آباد کو انچارجی

اور مرزا احمد علی سب انسپکٹر تھانہ ٹانڈہ سے تھانہ سوار کو اور حیدر علیخان سب انسپکٹر تھانہ ملک سے تھانہ ٹانڈہ کو

انچارجی پر اور سردار علی خان تھانہ شاہ آباد سے تھانہ بلاسپور کو انچارجی پر اور الطاف حسین خان

سب انسپکٹر تھانہ گنج سے تھانہ کیمری کو انچارجی پر اور سید شبیر حسین سب انسپکٹر تھانہ گنج کو

انچارجی پر تبدیل کئے گئے۔ اور اشفاق الہی خان انسپکٹر حلقہ بلاسپور جو

(۔بیس روپیہ ماہوار اضافہ پاکر بوجہ کام نو آبادی انسپکٹر بنائے گئے تھے) چونکہ پنجابیان کی

آبادی کم رہ گئی ہے اور خاص علاقہ کام کی ضرورت نہیں رہی۔ لہذا اپنے اصلی عہدہ سب انسپکٹری پر

بتنخواہ ساٹھ روپیہ ماہوار ربیع الدینخان سب انسپکٹر کے خالی درجہ پر مقرر ہوکر تھانہ ملک کو

انچارجی پر تبدیل ہوئے۔ علاوہ اشفاق الہی خان کے جب سب انسپکٹران اپنی اپنی موجودہ تنخواہیں

پائیں گے۔

اضافجات

۴ اگست ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ محمد مجتبیٰ ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار

اور عنایت علیخان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار اور فضل الہی خان ہیڈ کانسٹبل

مشاہرہ دار دس روپیہ کا پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

مستقلی

۴ اگست ۱۹۱۹ء

بملاحظہ کاغذات و حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بدرالدینخان

ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار (جنکا تقرر برائے چہار ماہ امتحاناً بحکم

۸ مئی ۱۹۱۹ء بجائے عبدالعلیخان ہیڈ کانسٹبل خفیہ ہوا تھا) مستقل کر دئے گئے۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ جولائی لغایت یکم اگست سنہ ۱۹۱۹ء

تاریخ و دن	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	از ابتدا تا	تعداد خط	از ابتدا تا	تعداد خط	از ابتدا تا	تعداد خط	از ابتدا تا	تعداد خط	از ابتدا تا	تعداد خط	از ابتدا تا
۲۶ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء یوم شنبہ	۰	۵۹	۱۰	۹۴	۰	ء۷۱	۵	۹۱	۷	ء۷۶	۴	ء۶۴
۲۷ 〃 〃 یک شنبہ	۲	۶۵	۶	۱۰۰	۵	ء۷۶	۰	۹۱	۴	۸۰	۱	ء۷۵
۲۸ 〃 〃 دوشنبہ	۰	۶۵	۰	۱۰۰	۰	ء۷۶	۰	۹۱	۰	۸۰	۰	ء۷۵
۲۹ 〃 〃 سہ شنبہ	۰	۶۵	۰	۱۰۰	۰	ء۷۶	۰	۹۱	۰	۸۰	۰	ء۷۵
۳۰ 〃 〃 چہار شنبہ	۵۲۵	ء۰۲۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	ء۷۶	۰	۹۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	ء۷۵
۳۱ 〃 〃 پنجشنبہ	۱	ء۱۲۵	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۹۱	۰	〃	۱۰	ء۸۵
یکم اگست 〃 جمعہ	۰	ء۱۲۵	۰	〃	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۹ جولائی لغایت ۴ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۴ ار	۵ ار	۵ ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۴ ار	۴ ار	۴ ار			
نخود کیسر آمیز		۵ ر ار	۵ ار	۵ ار			
کیسر آمیز		۰	۵ ار	۰			
ماش		۰	۳ ار	۳ ار			
مونگ		۰	۲ ار	۱ ار			
مکا			×	۶ ار			
جئی			×	۷ ار			
کودی			۶ ار	۶ ار			
عدس		۰	۵ ار				
ارہر	۰	۵ ار	۵ ار	۳ ار			
برنج		۴ ار	۳ ار	۳ ار			
روغن زرد	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]			
روغن سیاہ		۱ ار	[illegible]	[illegible]			
روغن کنجد	۰	[illegible]	۰ ر ار	۰			
نمک سانبھر	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۰ ار			
نمک لاہوری		۶ ار	۶ ار	۶ ار			
قند سیاہ		۳ ار	۳ ار	۳ ار	۰		
باجرہ	۰	۰	×	۰			

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری مئی سنہ ۱۹۱۹ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	میزان از نمبر ۱۹ لغایت نمبر ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال تک		ایک سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مار گزیدہ	[illegible]	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۱	۴	۱۱	۲	۴۹	۴۳	۶	۳۹	۴۷	۹	۱۲	۲۶	۲۱	۷۴	۸۰	۱۲۲	۱۳۱	۰	۹۳	۰	۶۱	۰	۰	۰	۱۵۴	
گنج	۱۳	۷	۱۴	۰	۳۵	۲۸	۷	۷۹	۶۸	۸	۱۲	۳۲	۳۰	۱۱۹	۱۱۰	۲۰۵	۲۴	۰	۱۵۷	۰	۷۱	۰	۱	۰	۲۲۹	
حوالی شہر	۲	۴	۱	۰	۷	۲	۵	۰	۲	۲	۰	۶	۴	۱۱	۶	۳	۱۲	۰	۰	۰	۱۷	۰	۰	۰	۱۷	
عظیم نگر	۲۰	۲۳	۷	۱۰	۶۰	۲۷	۳۳	۴	۰	۱	۲	۱۹	۷	۲۴	۹	۱۵	۱۸	۰	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
شاہ آباد	۱۷	۲۶	۱۲	۲۲	۷۷	۲۹	۴۸	۲۲	۱۱	۱	۳	۲۴	۱۵	۴۷	۲۹	۳۴	۴۳	۰	۱۲	۰	۶۳	۱	۰	۰	۷۶	
پٹوائی	۱۱	۳۰	۲	۲۱	۶۴	۱۳	۵۱	۲	۲	۱	۰	۱۸	۹	۲۱	۱۱	۹	۲۳	۰	۰	۰	۳۲	۰	۰	۰	۳۲	
ملک	۸	۵۴	۲	۴۷	۱۱۳	۱۰	۱۰۳	۶	۱۰	۰	۲	۲۸	۱۴	۳۴	۲۶	۱۰	۵۰	۰	۰	۰	۶۰	۰	۰	۰	۶۰	
بلاسپور	۱۱	۱۹	۷	۱۴	۵۰	۱۸	۳۲	۵	۸	۶	۳	۲۵	۱۴	۳۶	۲۶	۳۸	۲۴	۰	۰	۰	۵۹	۰	۳	۰	۶۲	
کیمری	۸	۱۳	۵	۵	۳۱	۱۳	۱۸	۶	۴	۳	۳	۲۹	۱۵	۴۸	۲۲	۳۰	۴۰	۰	۰	۰	۶۹	۱	۰	۰	۷۰	
سوار	۱۰	۳	۱۳	۴	۲۹	۲۳	۶	۴	۱	۳	۲	۱۶	۱۸	۲۳	۲۱	۲۸	۱۶	۰	۲	۰	۴۲	۰	۰	۰	۴۴	
ٹانڈہ	۱۰	۴	۲	۵	۲۱	۱۲	۹	۴	۹	۲	۱	۲۸	۲۵	۳۴	۳۵	۴۷	۲۳	۰	۰	۰	۶۹	۰	۰	۰	۶۹	
میزان	۱۴۲	۱۸۵	۷۶	۱۳۳	۵۳۶	۲۱۸	۳۱۸	۱۷۱	۱۴۲	۳۶	۳۹	۲۹۴	۱۶۴	۴۷۱	۳۷۵	۵۴۱	۳۰۵	۰	۲۶۴	۰	۵۷۶	۲	۴	۰	۸۴۶	